# BOOK INFO

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu Grammar Series |
| Title: | AOO BUCHO SEEKHAIN<br>URDU GRAMMAR - I |
| Author: | Mrs. S Munir |
| Pages: | 36 |
| Size: | 18 X 23.50 cm |
| Printing: | 4 Colour |
| Binding: | C.B Center Pin |
| Ist Edition: | 2002 |
| Latest Edition: | 2002 |
| ISBN: | 978-969-584-114-3 |
| Price: | Rs. 90.00 |

آؤ بچّو سیکھیں

# اُردو گرائمر
# و
# اِنشا پردازی





پہلی جماعت کے لئے





مسز ایس منیر، ایم ایڈ

بُک سنٹر
لاہور - پاکستان

میرا نام ________________ ہے۔

میں پہلی جماعت میں ہوں

یہ میری **اُردو گرائمر و اِنشا پردازی** کی کِتاب ہے۔

آیئے، دیکھیں، اِس کِتاب میں کون سا سَبَق کِس صفحہ پر ہے۔

| سَبَق | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **پہلی سہ ماہی** | |
| 1 - اِعراب | 7 |
| 2 - مُذکّر مُؤنّث | 12 |
| 3 - واحِد جَمع | 13 |
| 4 - اُلٹ اَلفاظ | 14 |
| 5 - میرا تعارُف | 15 |
| **دُوسری سہ ماہی** | |
| 6 - لَفظ | 19 |
| 7 - مُذکّر مُؤنّث | 20 |
| 8 - واحِد جَمع | 21 |
| 9 - اُلٹ اَلفاظ | 22 |
| 10 - چوری کی سَزا | 23 |

| سَبَق | صفحہ نمبر |
| --- | --- |

## تیسری سہ ماہی


11 - کلمہ اور اُس کی اِقسام ______ 27
12 - میرا مُلک ______ 29
13 - میری جماعت ______ 30
14 - اُستاد ______ 31
15 - غلط فِقرات کی دُرستی ______ 32
16 - پَری اور دانت ______ 33
17 - اِصلاحِ تلفّظ ______ 35

# 2

# مُذکّر مُؤنّث

**مُذکّر:** اَیسے اَلفاظ جو **نر** ہوتے ہیں، وُہ **مُذکّر** کہلاتے ہیں،

مثلاً اَبّا، بیٹا، مُرغا وغیرہ۔





**مُؤنّث:** اَیسے اَلفاظ جو **مادہ** ہوتے ہیں، وُہ **مُؤنّث** کہلاتے ہیں،

مثلاً اَمّی، بیٹی، مُرغی وغیرہ۔





مندرجہ ذیل مُذکّر مُؤنّث یاد کیجیے اور پہلے دس 'مذکّر' کے 'مؤنّث' دو دو بار خُود لِکھیے:

| مُذکّر | مُؤنّث | مُذکّر | مُؤنّث |
|---|---|---|---|
| 1- اَبّا | اَمّی | 11- چِڑّا | چِڑیا |
| 2- مالی | مالَن | 12- کُتّا | کُتیا |
| 3- خالُو | خالہ | 13- شیر | شیرنی |
| 4- دادا | دادی | 14- مَور | مَورنی |
| 5- والِد | والدہ | 15- بنّدر | بنّدریا |
| 6- بھائی | بہن | 16- مُرغا | مُرغی |
| 7- مِیاں | بِیوی | 17- نائی | نائن |
| 8- اُستاد | اُستانی | 18- بَیل | گائے |
| 9- بُوڑھا | بُڑھیا | 19- ہاتھی | ہتھنی |
| 10- باورچی | باورچن | 20- ہَرن | ہَرنی |

12

# میرا مُلک



میں پاکِستانی ہُوں۔ پاکِستان میرا وطن ہے۔

یہ **14** اگست **1947**ء کو قائم ہُوا تھا۔

پاکِستان کے بانی **قائدِاعظم محمّد علی جِناحؒ** ہیں۔

وُہ پاکِستان کے پہلے گورنر جنرل تھے۔

پاکِستان کا دارُالخلافہ **اِسلام آباد** ہے۔ پاکِستان کے **چار** صُوبے ہیں۔

1- صُوبہ سَرحد

2- صُوبہ سِنْدھ

3- صُوبہ پنجاب

4- صُوبہ بلوچِستان

پاکِستان کی آبادی چودہ کروڑ ہے۔ ہماری سرکاری زبان **اُردُو** ہے۔ مَیں اپنے مُلک سے پیار کرتا ہُوں۔ مَیں اپنے وطن کے تَرانے گاتا ہُوں۔ اِس کی عِزّت کرتا ہُوں۔

## پاکِستان زِنْدہ باد

15

# غلط فِقرات کی دُرستی

مندرجہ ذیل فِقرات یاد کیجیے اور ایک ایک بار خُوش خط لکھیے:

| نمبر شمار | غلط فِقرات | دُرست فِقرات |
|---|---|---|
| 1- | بازار میں کیچڑ تھا۔ | بازار میں کیچڑ تھی۔ |
| 2- | یہ دہی کھٹّی ہے۔ | یہ دہی کھٹّا ہے۔ |
| 3- | میری قلم کہاں ہے؟ | میرا قلم کہاں ہے؟ |
| 4- | میرا اُردو اَچّھا ہے۔ | میری اُردو اَچّھی ہے۔ |
| 5- | یہ فوٹو کِس کی ہے؟ | یہ فوٹو کِس کا ہے؟ |
| 6- | میری بات کا بُرا نہ مناؤ۔ | میری بات کا بُرا نہ مانو۔ |
| 7- | مَیں نے کل جانا ہے۔ | مُجھے کل جانا ہے۔ |
| 8- | بچّے نے حجّامت کرائی۔ | بچّے نے حجّامت بنوائی۔ |
| 9- | آپ نے کہاں جانا ہے؟ | آپ کو کہاں جانا ہے؟ |
| 10- | اُس کا ناک لمبُوترا ہے۔ | اُس کی ناک لمبُوتری ہے۔ |
| 11- | میری بات کو غَور سے سُنو۔ | میری بات غَور سے سُنو۔ |
| 12- | جھُوٹ مارنا بُہت بُری عادت ہے۔ | جھُوٹ بولنا بُہت بُری عادت ہے۔ |